http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال | ABC Certified | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارض وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر عبدالمنصور

جلد : 23 | 29 ربیع الثانی 1446ھ جمعرات 23 اکتوبر 2025ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 179



وزیراعظم شہباز شریف سول و عسکری قیادت کے ہمراہ آئندہ ہفتے سعودی عرب کا دورہ کریں گے

مجھ سمیت پوری قوم کو پاک بحریہ کے افسران و جوانوں پر فخر ہے

وزیر اعظم

پاک بحریہ کے افسران و اہلکار پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے پوری دنیا میں اپنا لوہا منوا رہے ہیں، پاک بحریہ کے افسران و جوان ملکی سمندری حدود کی حفاظت کیلئے شب و روز مصروف عمل ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیکیو عرب میں سعودی قیادت میں سرکردہ کمبائنڈ میری ٹائم فورسز کمبائنڈ ٹاسک فورس کے تحت بی این ایس پرومک کی بڑی کارروائی کے دوران اربوں روپے مالیت کی منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنانے پر پاک بحریہ کے افسران و اہلکاروں کی تعریف کی ہے۔ یہ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ پاک بحریہ کے افسران و اہلکار صلاحیتوں سے پوری دنیا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

مہنگائی کا نیا طوفان آنے کا خدشہ

آئی ایم ایف کا پاکستان کو انتباہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مہنگائی کا نیا طوفان آنے کا خدشہ، آئی ایم ایف نے پاکستان کو انتباہ کر دیا۔ غذائی اور ایندھن سیکٹر میں ایشیائی تحقیقی اکنامک آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی گئی۔ آئی ایم ایف رپورٹ میں پاکستان میں سال 2025-26 میں مہنگائی دوبارہ بڑھنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے جبکہ رواں مالی سال معاشی ترقی 3.6 فیصد رہنے کی توقع کی جا رہی ہے۔ بجلی پر سبسڈی ختم اور ٹیرف معمول پر آجائے گا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

پاک افغان کشیدگی، 10 روز سے بند طورخم سرحد

کھولنے کی تیاریاں مکمل

خیبر (مانیٹرنگ ڈیسک) ضلع خیبر میں پاک افغان کشیدگی کے باعث 10 روز سے بند طورخم تجارتی گزرگاہ کو دوطرفہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

باجوڑ میں سیکورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن، ایک خوارجی ہلاک، دیگر زخمی حالت میں فرار

فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی

6 دہشت گرد ہلاک

سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں تمام 6 دہشت گرد جہنم واصل کر دیے گئے، دہشت گرد پہاڑی غار میں پناہ لیے ہوئے تھے، جن پر فضائی نگرانی کے ذریعے مسلسل نظر رکھی گئی، سیکورٹی فورسز کی جانب سے موزوں وقت پر ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ، راولپنڈی (نیوز رپورٹر) بلوچستان کے علاقے دالبندین میں فتنہ الہندوستان کیخلاف جاری جنگ، دالبندین، بلوچستان میں سیکورٹی فورسز نے ایک کامیاب کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی تشکیل کا قلع قمع کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں تمام 6 دہشت گرد واصل کر دیے گئے، دہشت گرد پہاڑی غار میں پناہ لیے ہوئے تھے، جن پر فضائی نگرانی کے ذریعے مسلسل نظر رکھی گئی، سیکورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکورٹی فورسز کی جانب سے موزوں وقت پر ٹھکانے کو مؤثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا، اہم کامیابی سیکورٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

کراچی: پاک بحریہ کی کھلے سمندر میں کارروائی میں پکڑی گئی لاریوں روپے مالیت کی منشیات

پاک بحریہ نے تقریباً 1 ارب ڈالر کی منشیات پکڑ لی، امریکی سینٹ کام کا خراج تحسین

پاک بحریہ کے جہاز کی بڑی کارروائی

972 ملین ڈالر مالیت کی منشیات برآمد

پاک بحریہ قومی بحری مفادات کے تحفظ میں پرعزم ہے، سعودی قیادت میں آپریشن دونوں ممالک کے دفاعی تعاون کو مزید مضبوط کرے گا، پی این ایس پرومک کی کامیاب کارروائی سے پاکستان کا عالمی سمندری فورسز پر مثبت کردار اجاگر ہوا ہے، چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے پرومک کے عملے کو سراہا

کراچی (رپورٹ حزہ منصور) پاک بحریہ کے جہاز پرومک نے شمالی نیکیو عرب میں بڑی اینٹی نارکوٹکس کارروائی کرتے ہوئے 972 ملین امریکی ڈالر مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پی این ایس پرومک نے یہ کارروائی سعودی قیادت میں قائم کوعبائنڈ ٹاسک فورس 150 کے تحت انجام دی ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ کامیاب کارروائی پاک بحریہ کے عزم و پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے، جو بحری امن و سلامتی کے فروغ میں سرگرم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس موقع پر چیف آف دی نیول اسٹاف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر اطلاعات عطاء تارڑ سیکرٹری اطلاعات کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی جانب سے غزہ امن معاہدے کی اسرائیلی خلاف ورزیوں پر شدید مذمت

MINISTRY OF FOREIGN AFFAIRS

پاکستان اسرائیلی جارحیت کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتا ہے، اور اپنے اصولی موقف کو دہراتا ہے کہ جولائی 196 سے قتل کی سرحدوں کے مطابق، القدس الشریف کو دارالحکومت بنا کر ایک خودمختار، مربوط اور آزاد فلسطینی ریاست کا قیام عمل میں لایا جائے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان غزہ میں قائم امن معاہدے کی اسرائیلی خلاف ورزیوں کی شدید مذمت کرتا ہے، جن کے نتیجے میں بڑی تعداد میں بے گناہ شہری جاں بحق ہوئے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدامات شرم الشیخ میں مسلم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

وزارت امور کشمیر کا 27 اکتوبر کو یوم سیاہ بھرپور جوش و جذبے سے منانے کا فیصلہ

اسکردو (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت امور کشمیر نے 27 اکتوبر کو یوم سیاہ بھرپور جوش و جذبے سے منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسپیچ لیس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

دین، قانون اور اختیار، جہاد کس کے ہاتھ میں؟

اسلامی تعلیمات کے مطابق جہاد اور قتال کا فیصلہ کسی فرد، گروہ یا تنظیم کے اختیار میں نہیں بلکہ ریاستی عملداری کا حصہ ہے۔ تاریخ اور مذہبی اصول یہ واضح کرتے ہیں کہ جب طاقت کا حق غیر ریاستی ہاتھوں میں جا تا ہے تو اس کا انجام ہمیشہ فتنہ، انتشار اور فساد کی صورت میں نکلتا ہے۔ اسلام انسانی جان کو سب سے قیمتی امانت قرار دیتا ہے، اس لیے کسی شخص یا گروہ کو یہ اختیار دینا کہ وہ اپنی مرضی سے ہتھیار اٹھائے، نہ صرف دینی لحاظ سے غلط ہے بلکہ معاشرتی امن کے لیے بھی تباہ کن ہے۔

ریاست وہ واحد ادارہ ہے جسے اپنے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، اجتماعی امن اور قومی دفاع کی ذمہ داری دی گئی ہے۔ اسی لیے اگر کبھی قتال یا جہاد کی ضرورت پیش آئے تو اس کا فیصلہ صرف ریاستی سطح پر کیا جا سکتا ہے۔ ریاستی قیادت ہی وہ قانونی، اخلاقی اور سیاسی ذمہ داری رکھتی ہے جس کے تحت ایسے اہم فیصلے کیے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس، غیر ریاستی عناصر کی طرف سے طاقت کا استعمال بغاوت کے زمرے میں آتا ہے۔

پاکستان میں ایسے نظریات کے پھیلاؤ اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی دہشت گردی کے سدباب کے لیے ''پیغامِ پاکستان'' کے نام سے ایک تاریخی دستاویز مرتب کی گئی، جس کی توثیق درجنوں ممتاز علمائے کرام نے کی۔ اس دستاویز میں واضح کیا گیا کہ فرقہ وارانہ تصادم، طاقت کے ذریعے نظریات کا نفاذ اور ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانا شریعت کے خلاف اور فساد فی الارض ہے۔

ماہرین کے مطابق ''پیغامِ پاکستان'' نہ صرف ایک مذہبی اتفاقِ رائے ہے بلکہ ایک قومی نظریہ بھی ہے جو واضح کرتا ہے کہ قتال یا جنگ کا اختیار صرف ریاست کو حاصل ہے۔ کسی فرد یا گروہ کی طرف سے ایسے اقدامات ریاستی نظم میں مداخلت اور بغاوت کے مترادف ہیں۔ یہی اصول امن، قانون اور دینی توازن کی بنیاد فراہم کرتا ہے، اور یہی وہ راستہ ہے جو ریاست اور معاشرے دونوں کو انتشار سے بچا سکتا ہے۔

مودی کو بتا دیا پاکستان سے اب جنگ نہیں ہونی چاہیے، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو واضح طور پر بتا دیا ہے پاکستان کے ساتھ اب جنگ نہیں ہونی چاہیے۔ وائٹ ہاؤس میں دیوالی کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے بتایا کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

رواں برس ملک میں شدید سردی پڑنے کا امکان نہیں، محکمہ موسمیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ موسمیات نے رواں برس موسم سرما میں شدید سردی پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے ترجمان انجم نذیر کے مطابق نومبر، دسمبر اور جنوری میں درجہ حرارت معمول سے زائد رہ سکتے ہیں جبکہ شمالی علاقوں میں درجہ حرارت معمول سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

سینیٹر فیصل واوڈا کی صدر زرداری سے کراچی میں اہم وقت پر اہم ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینیٹر فیصل واوڈا کی صدر زرداری سے کراچی میں اہم وقت پر اہم ملاقات۔ صدر آصف علی زرداری کے سینیٹر فیصل واوڈا کی بلاول ہاؤس کراچی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

سربراہ پاک فضائیہ کا دورہ رومانیہ، دفاعی تعاون پر بات چیت

فضائی سربراہان نے مشترکہ فضائی دفاعی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پائیدار ادارہ جاتی تعاون کے قیام پر اتفاق کیا اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجی میں دفاعی صنعتی شراکت داری کے امکانات پر بھی گفتگو کی، ائیر چیف کا یہ دورہ پاکستان اور رومانیہ کے درمیان دفاعی و عسکری تعلقات میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، آئی ایس پی آر

بخارست (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فضائیہ کے سربراہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے رومانیہ کا سرکاری دورہ کیا جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون پر بات چیت ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورے کے دوران انہوں نے چیف آف دی ریمیشن ایئر فورس ایئر چیف کے رومانیہ ایئر فورس ہیڈ کوارٹرز پہنچنے پر رومانیہ ایئر فورس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا بعدازاں دونوں فضائی سربراہان کے درمیان تفصیلی ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں مشترکہ فضائی مشقوں، تربیتی تبادلوں اور فضائی و زمینی عملے کی استعداد کار فورس اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل لیونارڈ گیبریل بارابولی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ دفاعی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور دونوں فضائی افواج کے درمیان تعاون کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ائیر چیف کے رومانیہ ایئر فورس ہیڈ کوارٹرز پہنچنے پر رومانیہ ایئر فورس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا بعدازاں دونوں فضائی سربراہان کے درمیان تفصیلی ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں مشترکہ فضائی مشقوں، تربیتی تبادلوں اور فضائی و زمینی عملے کی استعداد کار کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت زرعی اور صنعتی صارفین کے لیے طویل مدتی ریلیف پیکیج کی تیاری کر رہی ہے، جس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

ٹرمپ اور پیوٹن کے درمیان ہنگری میں طے شدہ ملاقات اچانک منسوخ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کے درمیان ہنگری میں طے شدہ ملاقات اچانک منسوخ کر دی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا اور روس کے مذاکرات کاروں کے درمیان فون کال کے دوران تلخی کے باعث ماحول کشیدہ ہو گیا، جس کے نتیجے میں دونوں رہنماں کی ملاقات منسوخ کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق، (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

حکومت کا زرعی اور صنعتی صارفین کیلئے طویل مدتی ریلیف؛ بجلی کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت کی جانب سے زرعی اور صنعتی صارفین کے لیے طویل مدتی پیکیج تیار کیا گیا ہے، جس کے تحت بجلی کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت زرعی اور صنعتی صارفین کے لیے طویل مدتی ریلیف پیکیج کی تیاری کر رہی ہے، جس (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

علیمہ خان کی مسلسل غیر حاضری پر عدالت برہم، چوتھی بار وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت راولپنڈی میں 26 نومبر کیس کی سماعت کے دوران علیمہ خان ایک بار پھر پیش نہ ہو سکیں، جس پر عدالت نے چوتھی مرتبہ ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج احمد علی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

فتنہ الخوارج نے میر علی میں بھتہ نہ دینے پر گاڑی کو آگ لگادی، 6 افراد زندہ جل گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فتنہ الخوارج نے دہشت گردوں نے تحصیل میر علی میں گاڑی کو آگ لگادی جس میں موجود چھ افراد زندہ جل گئے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

میر علی میں گاڑی کو آگ لگادی جس میں موجود چھ افراد زندہ جل گئے۔

پی ایم ڈی سی کا پرچہ آؤٹ ہوا تو ذمہ دار ہوگا

مصطفیٰ کمال

ہر صوبے کو تین تین سوالنامے دے دیے گئے ہیں، صوبے کی مرضی ہے کون سا سوالنامہ دے، پی ایم ڈی سی نے پہلی بار مسائل کا حل نکالا ہے، مارچ سے اس سوالات بینک پر کام چل رہا تھا، ٹیسٹ کیلئے نو ہزار روپے فیس طالب علم سے لی گئی ہے جس میں سے ساڑھے سات ہزار صوبوں کو دے دیا گیا ہے، وفاقی وزیر صحت

سال نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار پی ایم ڈی سی کا بہترین امتحان ہونے جارہا ہے، آرگرلی پرچہ آؤٹ ہوا تو صوبہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید

نوشکی (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے علاقے غریب آباد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

کراچی: ہوٹل کے مالک نے غلط فہمی پر ایک شخص کو سر میں گولی مار کر قتل کردیا

مقتول کے ہاتھ میں پستول دیکھ کر ہوٹل مالک نے ڈکیت سمجھ کر گولی چلائی، پولیس حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لیاری پرانا علاقہ کیمپ بھٹو ہوٹل کے مالک کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

گارڈن کے ہوٹل میں گیس لیکیج کے باعث دھماکا، 2 افراد جھلس گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے گارڈن میں واقع ایک ہوٹل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ صحافیوں کے سوالات کے جواب دے رہے ہیں

وفاق کی جانب سے صوبائی حکومتوں کو گندم خریداری کی اجازت کامیابی ہے

علی مراد

ہمارے پاس صوبے کے چھوٹے کاشتکاروں کا ڈیٹا موجود ہے، سندھ میں اضافی سبسڈی پیکج کے تحت چھوٹے کاشتکاروں کو

55 ارب روپے کا پیکج دیں گے، وزیر اعلیٰ سندھ کا رواں سال زرعی انکم ٹیکس کی شرح برقرار رکھنے کا بھی اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ وفاق کی جانب سے صوبائی حکومتوں کو گندم کی امدادی قیمت 4 ہزار روپے فی من سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 48)

گندم خریداری کی اجازت کامیابی ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ

کراچی، ڈیفنس میں حساس ادارے کی کارروائی، معروف بلڈر زیر حراست

علاقے کی پولیس نے واقعے سے لاعلمی کا اظہار کردیا، معلومات حاصل کی جارہی ہیں، حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیفنس کے علاقے زمزمہ کمرشل اسٹریٹ میں حساس ادارے نے کارروائی کرکے معروف بلڈر کو حراست میں لے لیا۔ واقعے کی مقدمہ ہم پر آئے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

تارینگی بلندی پر پہنچنے کے بعد فی تولہ سونے کی قیمت بھی 7 ہزار 538 روپے کی کمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت میں بدھ کو بڑی تونیت کی گئی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق بین الاقوامی بین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 85 ڈالر کی بڑی کمی سے 4 ہزار 150 ڈالر کی سطح پر آگئی۔ عالمی مارکیٹ میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

کراچی، ڈمپر کی ٹکر سے 2 پیدل چلنے والے جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈمپر کی ٹکر سے 2 پیدل چلنے والے جاں بحق ہوگئے، کسی بھی مدرسے یا مسجد کو بند نہیں کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی چیئرمین سنی تحریک سے ملاقات، مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ مدارس یا مساجد کسی بندش سے متعلق پرامن پالیسی کیا جارہا ہے، کسی بھی مدرسے یا مسجد کو بند نہیں کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 24)

لوگوں کو پیسے بینک میں رکھنے کے بجائے اسٹاک میں لگانا چاہیے

سپریم کورٹ

ہم ٹیکس دے رہے ہیں، اگر ٹیکنوں سے ادھار لے کر انویسٹمنٹ کرتے ہیں تو ٹیکس دینے کے بعد نقصان ہوتا ہے،

ہم سے ایف بی آر براہ راست ٹیکس لے رہی نہیں رہا بلکہ نیشنل کلیئرنگ کمپنی کے ذریعے ہم ٹیکس دے رہے ہیں، وکیل مرزا محمود احمد

دیے ہیں کہ لوگوں کو بینک میں رکھنے کے بجائے اسٹاک مارکیٹ میں لگانا چاہیے۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آئینی بنچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس

خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے پانچ رکنی آئینی بنچ نے سپریم ٹیکس سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 25)

کراچی، بجلی لیبارٹری میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ابوالحسن اصفہانی روڈ پر بجلی لیبارٹری میں لگنے والی آگ پر 40 منٹ کی جدوجہد کے بعد قابو پالیا گیا۔ آتشزدگی کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق بدھ کی صبح آگ لگی لیبارٹری میں آگ لگنے کی اطلاع پر سہیلہ ٹاؤن تھانے کی نفری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

اورنگی ٹاؤن میں حادثہ، چنگ چی ڈرائیور جاں بحق، ٹینکر نذر آتش

امدادی اداروں نے ہلاک شخص کی لاش اور زخمی کو مہاجی شہید اسپتال منتقل کردیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں پیش آئے دلخراش حادثے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا، واقعے کے بعد مشتعل افراد نے واٹر ٹینکر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)



ایم کیو ایم کی رکن قومی اسمبلی آن لائن فراڈ کا شکار، نوسر بازوں نے واٹس ایپ ہیک کرکے 15 لاکھ روپے ہتھیا لیے

ڈاکٹر نگہت شکیل نے واقعے کی شکایت این سی سی آئی اے میں درج کرادی، تاہم ادارے کا آن لائن پورٹل غیر فعال ہونے سے شکایات پر کوئی پیشرفت نہیں ہوسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم کی رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نگہت شکیل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 27)

کراچی، شہریوں کے تشدد سے ڈاکو ہلاک، متعدد گرفتار

بھاری مقدار میں اسلحہ، چھینے گئے موبائل فونز، نقدی، قیمتی گھڑیاں اور موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں پولیس کی جانب سے مختلف کارروائیوں میں ڈکیت گروہوں کے کئی کارندے زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا۔ پولیس کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

دوسری شادی پر خاندان قتل، مقتول کی دوسری بیوی سامنے آگئی

نوید آرائیں میرا شوہر تھا، میں نے اس سے نکاح کیا تھا، خاتون کا ویڈیو بیان وائرل

خیرپور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیرپور میں دوسری شادی پر قتل ہونے والے خاندان کے مقتول نوید آرائیں کی دوسری بیوی سامنے آگئی۔ مقتول نوید آرائیں کی دوسری بیوی سامنے بھی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

کراچی، ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں پڑوسی ملک سے آئے نیٹ ورک کے ملوث ہونے کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں پڑوسی ملک سے آئے ہاتھوں کے نیٹ ورک کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق ٹارگٹ کلرز پڑوسی ملک سے حال ہی میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی: وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کراچی، سیف سٹی کیمرے کی مدد سے انتہائی مطلوب ملزم گرفتار

ملزم کا چہرہ کیمرے میں آتے ہی کرائم سرکیل الرٹ جاری ہوا، جس کے بعد گرفتار کرلیا، حکام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیف سٹی اتھارٹی ہم نے انتہائی مطلوب ملزم کو مخصوص فیچر والے کیمرے کی مدد سے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں سیف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

کراچی، 2 بچیوں کا گلا کاٹنے والا باپ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی جوڈیشل مجسٹریٹ وسطی کی عدالت نے باپ کے ہاتھوں کم سن بچیوں کے قتل کرنے کے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے ملزم کو 3 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ دوران سماعت تفتیشی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

فرانس کا غزہ کی صورتحال پر اظہار تشویش، برطانیہ کا فوج تعیناتی کا اعلان

نیتن یاہو غزہ امن معاہدے سے پیچھے ہٹ سکتے ہیں

نیویارک ٹائمز

امریکی اہلکاروں نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ یقین یا ہو ممکنہ طور پر امریکی ثالثی میں طے پانے والے معاہدے کو توڑ سکتے ہیں، نیویارک ٹائمز

پیرس/لندن، نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم بنیامین یاہو وعدہ خلافی کرتے ہوئے غزہ امن معاہدے سے پیچھے ہٹ سکتے ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کی جس پر ٹرمپ انتظامیہ کے خدشات بڑھنے لگے ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کی حکمت عملی یہ ہے کہ اسرائیل اور بنیامین نیتن یاہو کو مکمل حمایت دی جائے گی۔ امریکی اہلکار نے کہا کہ ٹرمپ انتظامیہ کے خدشات بڑھنے لگے ہیں۔ نیویارک ٹائمز کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ کی

گورنر سندھ سے سینئر پادری رابرٹ میک کلک کی ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے سینئر پادری رابرٹ میک کلک نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں مذہبی ہم آہنگی، رواداری، تعلیم اور (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 28)

ہارڈ بریکس نقاب پوش، دیگ سندھ کے ضلع گھوٹکی نے پی ایس او ٹینکر سے اسلحہ اور منشیات کی بڑی مقدار برآمد کی

سندھ حکومت کا امن مشن کامیاب، ہر بینڈ پالیسی کے تحت 72 ڈاکوؤں نے ہتھیار ڈال دیئے

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) سندھ حکومت کے امن مشن کے تحت شروع کی گئی سرینڈر پالیسی 2025ء کے ثبت نتائج سامنے آنے لگے۔ شکارپور میں منعقدہ ایک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

کراچی: صوبائی وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

کراچی کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 3 ارب روپے مالیت کے کئی منصوبے منظور

سندھ فنانس کمیٹی اجلاس

سیکرٹری فنانس نے مختلف محکموں کو ڈیولپمنٹ اور ناون ڈیولپمنٹ فنڈز کی فراہمی کے حوالے سے ان محکموں کی درخواستوں سے اجلاس کو آگاہ کیا، اور اجلاس میں عوامی ریلیف کے منصوبوں میں فنانس کے حوالے سے درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کابینہ کی فنانس کمیٹی نے کراچی میں انفراسٹرکچر بہتری، جی سرکوں کی تعمیر، واٹر اینڈ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کئی دہائیوں سے بلوچستان کے عوام کا امن کی بحالی کیلئے پاک فوج کے اقدامات کو خراج تحسین

پاکستان چاہتا ہے کہ ملک سے دہشتگردی کا خاتمہ ہو اور عوام کو نقصانات سے بچایا جائے، افغان حکومت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاکستان کی مدد مانگتے ہیں تو یہ بہترین طریقہ ہوگا، افغانستان اپنے ملک میں موجود جو لوگ نقصان پہنچا رہے ہیں، انہیں خود ختم کریں

کوئٹہ ، پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام نے امن کی بحالی کے لیے پاک فوج کے اقدامات کو خراج (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 33)

تیل کی فراہمی خطرے میں، سندھ نے 180 ارب سیس کا مطالبہ کردیا

تیل کی صنعت پر 180 ارب روپے کے واجبات ہیں جب کہ صنعت کا موقف ہے کہ سیس کو قیمتوں کے تعین کے نظام میں شامل ہی نہیں کیا گیا لہٰذا ادائیگی ممکن نہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں تیل کا بحران مزید شدت اختیار کرسکتا ہے کیونکہ سندھ حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی درآمد پر سندھ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

کراچی، بھارتی ساختہ اشیا کی غیر قانونی درآمد کی کوششیں ناکام

کھیپ کی اشیا میں شناختی نشانات کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کی گئی تھی، تفصیلی معائنے پر پاور ڈسٹری بیوشن یونٹ کے مین پینل ڈور پر میڈ اِن انڈیا واضح طور پر لکھا ہوا پایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کراچی نے بھارتی ساختہ اشیا کی پاکستان میں غیر قانونی طور پر درآمد کی کوششیں ناکام بنادیں جس میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

بلوچستان میں 15 اہل فوجی افسران جبری گمشدگیوں اور قتل کے الزام میں گرفتار

ثنا کا (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلادیش کی عدالت نے قتل، جبری گمشدگیوں اور انسانیت سوز مظالم کے کیس میں 15 اہل فوجی افسران کو حراست میں لے کر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ بنگلادیشی میڈیا کے مطابق یہ فوجی افسران شیخ حسینہ واجد حکومت کے دوران ہونے والی جبری گمشدگیوں، خفیہ حراستی مراکز کے قیام اور حکومتی ناقدین کے قتل میں ملوث تھے۔ ملزمان کو عدالت کیلئے عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔

ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے پر عمل درآمد توقع سے بہتر ہو رہا ہے، پے ڈی ڈیفس

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے نائب صدر جے ڈی وانس نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے پر عمل درآمد توقع سے بہتر ہو رہا ہے۔ غزہ میں فوجی موجودگی کے فیصلے میں اسرائیل کی رضامندی ضروری ہے۔ اسرائیل میں امریکی وفد کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امریکی نائب صدر نے کہا کہ غزہ جنگ بندی برقرار رہنے کی بھرپور امید ہے۔

غیر قانونی اسلحہ کی برآمدگی اور سہولت کاری، گینگ وار سرغنہ عزیر بلوچ مقدمے سے بری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جوڈیشل مجسٹریٹ غربی نے غیر قانونی اسلحہ کی برآمدگی اور سہولت کاری کے مقدمے سے گینگ وار کے سرغنہ عزیر جان بلوچ کو باعزت بری کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

بنگلادیش میں 35 افراد زندہ جل گئے

پاکو (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلادیش کی ریاست ناجیر میں ایک آئل ٹینکر حادثے کا شکار ہوکر الٹ گیا، جس کے بعد دھماکا ہوا، جس کے نتیجے میں 35 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے ہیں۔ حامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ناجیر یا کی فیڈرل روڈ سیکٹھی کو (ایف آر ایس سی) نے بتایا کہ ریاست ناجیر میں آئل ٹینکر حادثے کا شکار ہوکر الٹ گیا اور دھماکا ہوا۔

جعلی اسٹیمپ اور جعلی پروپنکٹر اسٹیکر پر قطر جانے والا مسافر گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر جعلی اسٹیمپ اور جعلی پروپنکٹر اسٹیکر پر قطر جانے والے مسافر کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے پاسپورٹ کے لیے جعلی اسٹیمپ اور پروپنکٹر اسٹیکر پر ملازمت کیلئے قطر جانیوالے مسافر کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق غزہ اسمٹے کا پاسپورٹ پر موجود تھی۔

نائیجیریا میں آئل ٹینکر الٹنے سے دھماکا، 35 افراد زندہ جل گئے

ناجیریا کی ریاست ناجیر میں ایک آئل ٹینکر حادثے کا شکار ہوکر الٹ گیا، جس کے بعد دھماکا ہوا، جس کے نتیجے میں 35 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے ہیں۔ حامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ناجیریا کی فیڈرل روڈ سیکٹھی کو (ایف آر ایس سی) نے بتایا کہ ریاست ناجیر میں آئل ٹینکر حادثے کا شکار ہوکر الٹ گیا اور دھماکا ہوا۔

تاجر برادری کے مسائل حل کرنا حکومت سندھ کی ترجیح ہے، شرجیل انعام میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر اطلاعات و ڈپارٹمنٹ سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت صنعت و تجارت کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، جلد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

بھارتی کھلاڑیوں سے ہینڈشیک کرکے پوری دنیا کو امن کا پیغام دیا، کپتان جونیئر ہاکی ٹیم

دو ٹیمیں ہفتوں کے کیمپ سے انٹرنیشنل ہاکی میں زیادہ فتوحات نہیں ملیں گی، ٹیم مینجمنٹ کو تمام مسائل کے ساتھ دو سال کا وقت ملنا چاہیے پھر جوابدہی ہونی چاہیے، حنان شاہد

کراچی (اسپورٹس نیوز) پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کے کپتان حنان شاہد کا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

قومی اسپنر آصف آفریدی نے ٹیسٹ کرکٹ کا 92 سالہ پرانا ریکارڈ توڑ دیا

لیفٹ آرم اسپنر ٹیسٹ کرکٹ میں ڈیبیو پر 5 وکٹیں حاصل کرنیوالے معمر ترین بولر بن گئے، اس سے قبل انگلینڈ کے چارلس میریٹ نے 1931 میں ڈیبیو پر 5 وکٹیں حاصل کی تھیں

کراچی (اسپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے لیفٹ آرم اسپنر آصف (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

جعلی دستاویز پر مقیم غیر ملکیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

جعلی دستاویز پر مقیم غیر ملکیوں کے حوالے سے نادرا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے حکمت عملی تیار کرلی ہے، اگلے مرحلے میں جعلی شناختی کارڈ منسوخ کیے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے جعلی دستاویزات پر مقیم غیر ملکیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق جعلی دستاویز پر مقیم غیر ملکیوں کے حوالے سے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

بینظیر آباد، جبری مشقت کیلئے اغوا کیے ہی خاندان کے 25 افراد بازیاب

پولیس نے مغویوں کی بازیابی کی رپورٹ سندھ ہائیکورٹ میں پیش کردی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں پولیس نے ایک ہی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

رینجرز اہلکار قتل کیس، ایم کیو ایم کارکن عبید کے ٹو کی عمر قید کی سزا کالعدم قرار

عدالتِ انسدادِ دہشت گردی نے 2024 میں عبید کے ٹو کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید اور مقتول اہلکار کے اہلِ خانہ کو پانچ لاکھ روپے معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے ایم کیو ایم لندن کے کارکن عبید عرف کے ٹو کو رینجرز اہلکار کے قتل کے مقدمے میں بری کردیا۔ عدالت نے انسدادِ دہشت گردی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

کراچی: سندھ حکومت کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں بچے کے ڈاکوؤں ہتھیار ڈال کر سرینڈر کررہے ہیں، وزیر داخلہ شہلا رضا، محسن لغاری، آئی جی سندھ غلام نبی میمن و دیگر بھی موجود ہیں

کراچی: چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے سابق وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، میئر مرتضیٰ وہاب، ساجد بوگھیو و دیگر ملاقاتیں کررہے ہیں

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

کمشنر کراچی کا ضلع جنوبی کا دورہ

ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ضلع جنوبی میں صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری کی اشد ضرورت ہے اور اسکولوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے ڈپٹی کمشنر جنوبی کے ہمراہ ضلع جنوبی کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر کراچی واٹر کارپوریشن کے اعلیٰ افسران، عاطم بھٹو اور ڈائریکٹر ترقیات نعیم بھٹو اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ضلع میں جاری اے ڈی پی (سالانہ ترقیاتی پروگرام) کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر کراچی نے ہدایت کی کہ ضلع جنوبی میں جاری تمام ترترقیاتی منصوبوں کو بہتر انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو سہولت میسر آسکے۔ سید حسن نقوی نے خبر خیام کی معماری اور تعمیر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع جنوبی میں صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری کی اشد ضرورت ہے اور اسکولوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ سید حسن نقوی نے ہدایت کی کہ ضلع جنوبی میں جاری عملی کے لیے فوری اقدامات کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ خبر خیام کو این جی او کے تعاون سے ایک مثالی پارک میں تبدیل کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع جنوبی میں صحت و تعلیم کے شعبوں میں بہتری کو یقینی بنایا جائے گا۔

پولیس کا سرچ آپریشن، سہراب گوٹھ، آصف اسکوائر اور دیگر علاقوں میں، غیر قانونی افغان باشندوں کی گرفتاری

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی کے علاقے سہراب گوٹھ، آصف اسکوائر اور اطراف کے علاقوں میں پولیس کے سرچ آپریشن کیا ہے۔ اس آپریشن کی قیادت ایس ایس پی ایسٹ ڈاکٹر فرخ رضا اور باقی رینک کر رہے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ آپریشن غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف جاری ہے۔ آپریشن کے دوران علاقے کے داخلی اور خارجی راستے بند کر دیے گئے ہیں تاکہ مطلوبہ افراد کی گرفتاری ممکن بنائی جا سکے۔ اس کارروائی میں پولیس کی بھاری نفری حصہ لے رہی ہے، جبکہ ذیلی ایس ایس پی سہراب گوٹھ اور گلزیب خٹک بھی موجود ہیں۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔

سندھ حکومت سماجی تحفظ کے فروغ کیلئے جدید ڈیٹا لنکنگ اور سہولیات فراہم کرنیکا عزم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت و افرادی قوت وسائی تحفظ سندھ سعیدغنی نے کہا ہے کہ سندھ حکومت شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے وژن اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے منظور کے مطابق سماجی تحفظ کے فروغ میں شب و روز مصروف ہے۔ سعیدغنی نے بدھ کو سندھ سماجی تحفظ اتھارٹی کے دفتر میں آسکوڈ پاسپی مینجمنٹ کے کنسلٹینٹ محمد عثمان چانڈیو اور بلال لاشاری سے ملاقات کے دوران یہ باتیں کہی۔ اس موقع پر سندھ حامی تحفظ اتھارٹی کے ڈی ایم ایس اوسیع اللہ شیخ بھی موجود تھے۔ انہوں نے بتایا کہ جدید سوسیو اکنامک ڈیٹا نادرا اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے لنک کر کے، ان کی مالی امداد کے علاوہ تعلیم، صحت اور خواتین کو درداں زچگی تمام سہولیات فراہم کی جا چکی ہیں۔ سعیدغنی کے کہا کہ اس نظام کے تحت ایک مرکزی ڈیٹا بیس بنایا جا رہا ہے تاکہ کسٹمر کو فوری مدد، پنشنیشن، صحت، روزگار اور تعلیم جیسی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ سماجی تحفظ اتھارٹی سوسے تمام اضلاع میں کام کر رہی ہے اور اسے پورے صوبے میں پھیلانے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ اس ڈیٹا کو جلد مرتب کیا جائے تاکہ مستحقین کو فوری مدد فراہم کی جا سکے۔ آسکوڈ پاسپی مینجمنٹ کے کنسلٹینٹ نے بتایا کہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جلد ہی اسٹیزن کو آگاہ کیا جائے گا اور اس سال کے آخر تک ڈیٹا کو مکمل کر کے سندھ حامی تحفظ اتھارٹی کے حوالے کر دیا جائے گا۔

ایس ایس پی سینٹرل کی بہترین کارکردگی پر افسران وجوانوں کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور انعامات

کراچی (کرائم رپورٹر) سندھ کے ڈسٹرکٹ سینٹرل میں ایس ایس پی نے کرائم ڈیٹیکشن اور اسٹریٹ کرائم کے خلاف نمایاں کارکردگی دکھانے والے افسران اور جوانوں کو شاباش دی ہے۔ اس سلسلے میں، ایس ایس پی نے ایس ایچ او عزیز آباد وقار قیصر، ایس ایچ او ہدف، ایس ایچ او ناظم آباد اسماعیل مغل، اور ایس ایچ او سپر مارکیٹ فرخ باقی و ان کی ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعامات تقسیم کیے ہیں۔ ایس ایس پی نے افسران و جوانوں سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا حوصلہ بلند کیا اور انہیں اپنی کارکردگی برقرار رکھنے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ محنت اور لگن سے ہی جرائم کے خلاف مؤثر کارروائی ممکن ہے۔ یہ اقدام ضلع سینٹرل میں امن و امان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لئے مکمل پولیس کی کوششوں کو سراہنے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ ترجمان ایس ایس پی نے اس سلسلے میں مزید اقدامات کی توقع ظاہر کی ہے۔

سبزی منڈی کے قریب گودام میں آگ لگنے کی اطلاع، ریسکیو 1122 کی بروقت کارروائی

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں نیو سبزی منڈی کے قریب کے ڈی اے روڈ پر واقع ایک گودام میں آگ لگنے کی اطلاع ملی ہے۔ ترجمان ریسکیو 1122 کے مطابق، اطلاع ملتے ہی فائر ایڈ ریسکیو ٹیمیں، ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کے ٹرک جائے وقوعہ کے لیے روانہ کیے گئے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ آگ پر قابو پا لیا گیا اور اب کولنگ کا عمل جاری ہے۔ کسی جانی نقصان یا مزید مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

کراچی ایئرپورٹ سے غیر ملکی کرنسی کی بڑے پیمانے پر برآمد، منی لانڈرنگ کی کوشش ناکام

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی میں ایئرپورٹ سیکورٹی فورس (اے ایس ایف) نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے بڑی مقدار میں غیر ملکی کرنسی برآمد کی ہے۔ ترجمان اے ایس ایف کے مطابق، ایکاروں نے پروفائنگ کے دوران ایک مسافر کے ذہنی سامان کو مشکوک قرار دے کر فوری اسکریننگ کی۔ تلاشی کے دوران پینٹ کیری بیگز سے مختلف ممالک کی کرنسی برآمد ہوئی، جس کی مالیت پاکستانی روپے کے حساب سے 83 لاکھ روپے سے زائد ہے۔ ترجمان کے مطابق، برآمد شدہ کرنسی میں پاکستانی روپے کے علاوہ امریکی ڈالر، سعودی ریال اور ملائیشین رنگٹ شامل ہیں۔ اس کارروائی کے ذریعے منی لانڈرنگ کی کوشش کو ناکام بنا دیا گیا ہے۔ ملزم کو برآمد شدہ کرنسی کے ساتھ ابتدائی تحقیق کے بعد پاکستان کسٹمز کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

حکومتِ سندھ اور یونیسکو کے باہمی تعاون سے بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ثقافت، سیاحت، نوادرات و آرکائیوز، حکومت سندھ اور یونیسکو (UNESCO) کے باہمی تعاون سے پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد ہوا۔ کانفرنس کا مقصد پاکستان میں سیاحت، ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے مؤثر پالیسی سازی، ادارہ جاتی ہم آہنگی، اور استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے۔ کراچی میں ڈرج کلٹوری ہوٹل کی تقریب میں مختلف قومی و بین الاقوامی اداروں کے نمائندگان، ماہرین آثار قدیمہ، پولیس، کسٹم، ایف آئی اے، عدلیہ اور اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کے ماہرین شریک تھے۔ شرکا نے کہا کہ پاکستان کی وادی، سندھ اور گندھارا جیسی عظیم تہذیبوں کا ورثہ حاصل ہے، جس کے تحفظ کے لیے قومی اور بین الاقوامی سطح پر مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس امر پر تاریخی شہادت کے نقصان کا باعث بننے والے اس سال 8 غیر ملکی سوہانی اسمگلنگ کے واقعات بھی مرتب ہوئے ہیں، کانفرنس کے دوران دو کتابچے منظر عام پر لائے گئے۔ ان میں پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی تجارت: تصرف اور یونیسکو کے اشتراک سے ''پاکستان میں ثقافتی نوادرات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے خلاف جدوجہد'' کے عنوان سے بین الاقوامی کانفرنس اور تربیتی ورکشاپ کا آغاز 21 اکتوبر 2025 کو کراچی میں ہوا۔ یہ ورکشاپ 23 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ اس میں بین الاقوامی کانفرنس کا مقصد پاکستان میں

بقیہ روزنامہ تشکر 1

میں ایٹم بم بنوا رہے ہیں، یک بحریہ کے افسران و جوان بھی سندری حکومت کی حفاظت کیلئے بیش تر روز مصروف عمل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم سمیت پورا پاکستان ہر روز افواج اور افسران کی جانوں پر فخر ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور عسکری قیادت کے ہمراہ آمد دشتِ سعودی عرب کا دورہ کیا۔ وزیراعظم کے مطابق وزیراعظم کے ہمراہ اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت بھی ہوئی۔ وزیراعظم دورہ سعودی عرب کے دوران سعودی عرب کی قیادت سے علاقائی سطح پر اہم امور پر گفتگو کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب میں فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹیو ایونٹ سے خطاب بھی کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب میں فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹیو ایونٹ سے خطاب بھی سعودی عرب جا رہے ہیں۔ یاد رہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ ماہ 17 مئی کو بھی سعودی عرب کا غیر معمولی دورہ کیا تھا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے ریاض میں باہمی مفاد پر مبنی تذویراتی دفاعی معاہدہ پر دستخط کیے جس کے تحت یہ طے پایا تھا کہ کسی ایک ملک پر حملہ دونوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 2

جس میں تجارت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ایک اہم پیشرفت یہ کہ کہ دونوں ممالک کو بیک ٹک کے بجائے تجارت کے ذریعے طے کرنے کے خواہاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے سعودی سے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تجارت کا کوئی فائدہ نہیں، ہم معاملات کو تجارت کے راستے سے سنوارے ہیں۔ اسی صورت میں مزید دعوی کیا کہ وہ اب تک آٹھ بڑی بنکیکس پکڑ چکے ہیں اور اب وہی کیس تھرڈ کرنے جا رہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے دوران سات طیارے گرائے گئے، لیکن ہم نے دونوں جوہری ممالک کے درمیان بنک کو تجارت کے ذریعے روک دیا۔ ٹرمپ نے یہ بھی بتایا کہ بھارت نے ان کی درخواست پر روسی تیل خریدنے میں کمی کردی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 3

تجارت کے لیے کھولنے کی تیاریاں عمل کر لی گئی ہیں۔ سفارت کار کے مطابق طورخم تجارتی راہداری کے ذریعے کئی بھی تجارتی مال جا سکتی ہے۔ کسٹم ڈیوٹی کسٹم ہاؤس طورخم میں جمع کرائی جائے گی۔ کسٹم ڈیوٹی کا تعین طورخم میں کیا جائے گا۔ کارگو ٹرک کارگو ٹرمینل کی کلیئرنس کے لیے ایکسپورٹ بھی کلیئر ہوگا۔ تجارتی کراسنگ کا بند ہونا ہمارے لیے بڑا نقصان ہے۔ اپیٹوبرٹ اور ٹرانزٹ ٹریڈ ہزاروں کارگو گاڑیاں پھنس گئی ہیں اور علاقے میں گاڑیوں کی بھی تکلیف دہ صورتحال ہوئی ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 4

قومی سرمایہ انفیلیہ اداروں کی بہترین ہم آہنگی اور مؤثر رابطے کا نتیجہ ہے۔ بلوچستان سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی ایجنسیز کی کوششیں جاری رہیں گے۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز نے کامیاب آپریشن کرتے ہوئے ایک خوارجی کو ہلاک کر دیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز کی باجوڑ کے علاقے میں خوارجیوں کے خلاف کامیاب کارروائی جاری ہیں۔ اسی طبے میں فورسز نے شاہی تنگی جنگل میں موجود خوارجی دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور سرنگوں کا صفایا طور پر صفایا کردیا۔ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شاہی تنگی کے جنگل میں موجود ایک دارالکھاف کا کمپیوٹری فورسز نے کامیاب کارروائی کر کے دشمن کو ناکام بنا دیا۔ دشمن کے سینے میں ایک خوارجی بلاک اور دو گرنیڈ برآمد کیا گیا۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کے مطابق فورسز نے علاقے میں موجود مرکزیوں اور قریبی علاقے کے خوارجیوں کے خلاف کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فورسز نے علاقے میں موجود خوارجیوں کے ٹھکانے کو تباہ کر دیا۔ کارروائی کے دوران دشمن کے ایک خوارجی اسلحہ، بارودی مواد اور مواصلاتی آلات بھی برآمد کر لیے گئے ہیں۔ پاک فوج اور سیکیورٹی ادارے ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ روزنامہ تشکر 5

ایمرسل ٹوبہ اوشرف نے سیوک کے محلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایک بار پھر کیونکہ بڑی مفادات کے تحفظ میں مرعزم ہے۔ نیل چیف نے مزید کہا کہ سعودی قیادت میں آپریشن دونوں ممالک کے دفاعی تعاون کو مزید مضبوط کرے گا۔ پی ایل این اس پیوک کی کامیاب کارروائی سے پاکستان کا عالمی سندری فورسز پر اعتماد کردار اجاگر ہوا ہے۔ دوسری جانب پاکستان نیوی نے بحیرہ عرب میں ایک شاندار کارروائی کے دوران اربوں روپے مالیت کی شفاف کوکین برآمد کر کے دو کشتیاں ضبط کر کے نیب و کو بڑا چوکا چھکا دیا ہے۔ پاکستان نیوی کے مطابق ایک خفیہ اطلاع پر پاکستان نیوی کے جہاز پی این ایس بدر نے بحیرہ عرب میں ایک مشکوک کشتی کو روکا جس کی تلاشی لی گئی جس میں سے 50 بوری پیکٹ برآمد کیے جانے کی خبر ہے۔ اس سلسلے میں ذرائع کا کہنا ہے کہ پاورڈ ڈیوٹن نے زری کی اہم کامیابی حاصل کی ہے اور سندری فورسز پر اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے۔ دوسری جانب پاکستان نیوی نے بحیرہ عرب میں ایک شاندار کارروائی کے دوران اربوں روپے مالیت کی شفاف کوکین برآمد کر کے دو کشتیاں ضبط کر لیں۔ ایک کشتی کے کیپٹن کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پی این ایس بدر نے بحیرہ عرب میں ایک مشکوک کشتی کو روکا جس کی تلاشی لی گئی جس میں سے 50 بوری پیکٹ برآمد کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق برآمد شدہ مال کی مالیت 82 کروڑ 24 لاکھ 24 ہزار بتائی جا رہی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 6

نیوز کے مطابق وزیر اعظم ایجنسیز اعلیٰ مقام کی زیر صدارت تعلیم کے پیوسیاہ کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مقام نے اجلاس سے کہا کہ حکومت کشمیر کے عوام کی بہتر جدوجہد کو سلام پیش کرتا ہوں، بھارت کے مظالم آج بھی جاری ہیں اور کشمیری شہید و زخمی ہو رہے ہیں برداشت کر رہے ہیں، مسئلہ کشمیر ایک بار پھر عالمی سطح پر اجاگر ہو رہا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 127 تجاویز کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز نے پیوسیاہ کے حوالے سے ایک اہم اجلاس میں کہا کہ حکومت کشمیر کے عوام کی بہتر جدوجہد کو سلام پیش کرتا ہوں، بھارت کے مظالم آج بھی جاری ہیں اور کشمیری شہید و زخمی ہو رہے ہیں برداشت کر رہے ہیں، مسئلہ کشمیر ایک بار پھر عالمی سطح پر اجاگر ہو رہا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 127 تجاویز کو عملی جامہ پہنایا جائے گا۔ وزیراعظم شہباز نے پیوسیاہ کے حوالے سے اہم اجلاس میں کہا کہ کشمیری لوگ ایک ایک کر کے اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں، بیوسیاہ کی تمام ریلویوں میں سفارت خانے بھی یوم سیاہ کی سرگرمیاں منعقد کریں گے۔ قومی میڈیا کو تمام سرگرمیوں سے بروقت آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ روزنامہ تشکر 7

اور عرب دنیا، امریکہ، یورپ اور اقوام متحدہ کی قیادت کی موجودگی میں طے پانے والے امن معاہدے کی روح کے منافی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ فوری اور موثر اقدامات کرے تاکہ اس خلاف ورزیوں کا خاتمہ کیا جا سکے، بنک بند کیے جانے اور کاروبار کو نقصان پہنچایا جانے اور فلسطینی شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے اسرائیلی جارحیت کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتا ہے، اور اپنے اصولی موقف کو دہراتا ہے جو 1967 کی سرحدوں کے مطابق، القدس الشریف کو دارالحکومت بنا کر ایک خودمختار، متصل عمل، مربوط اور آزاد فلسطینی ریاست کا قیام عمل میں لایا جائے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 8

اس کی زیر نگرمودی سے بیلی نون پیوسیاہ ہوئی، جس میں تجارت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ایک اہم پیشرفت یہ کہ کہ دونوں ممالک کو بیک ٹک کے بجائے تجارت کے ذریعے طے کرنے کے خواہاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے مودی سے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تجارت کا کوئی فائدہ نہیں، ہم معاملات کو تجارت کے راستے سے سنوارے ہیں۔ اسی صورت میں مزید دعوی کیا کہ وہ اب تک آٹھ بڑی بنکیکس پکڑ چکے ہیں اور اب وہی کیس تھرڈ کرنے جا رہے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی کے دوران سات طیارے گرائے گئے، لیکن ہم نے دونوں جوہری ممالک کے درمیان بنک کو تجارت کے ذریعے روک دیا۔ ٹرمپ نے یہ بھی بتایا کہ بھارت نے ان کی درخواست پر روسی تیل خریدنے میں کمی کردی ہے۔

بقیہ روزنامہ تشکر 9

زائد مرہے ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ رواں سال موسم سرما میں پاکستان میں ڈینگی کے مزید تیز جوری کے امتمام پر پاش کا امکان ہوگا، ہم ڈاکٹیں کو ہی دو جبہ سے پنجاب اور بالائی سندھ میں اسوگی زیادہ ہوئی ہے، پاکٹیس کو ہونے کی وجہ سے بھی فضائی معیار متاثر رہے گا۔ دوسری جانب ترجمان نے بتایا کہ بیکیرہ عرب میں ایک ڈیپریشن موجود ہے جو کراچی سے 1800 کلومیٹر دور ہے تاہم پاکستان کے ساحلی علاقوں پر اس سسٹم کے کوئی اثرات نہیں ہیں۔ اگلے ہفتہ کے دوران ڈیپریشن کے ساحل